سوال

کیا بیوی اپنے بھائی سے صدقہ کے پیسے لے کر اپنے خاوند پر خرچ کر سکتی ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ کے بھائی نے صدقہ دیتے ہوئے کسی کو متعین کر دیا ہے کہ یہ صدقہ تم نے فلاں شخص کو دینا ہے پھر اسی شخص کو دینا ضروری ہے۔ اگر اس نے کسی کو متعین نہیں کیا، بلکہ یہ کہا کہ نیکی کے کاموں میں خرچ کر دو یا کسی فقیر، مسکین کو دے دو، اور آپ کا خاوند ضرورت مند بھی ہے تو آپ اسے اس کی ضرورت کے بقدر دے سکتے ہیں، بلکہ یہ زیادہ بہتر ہے۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی